# شکر گزاری

اللہ تعالٰی کی نعمتوں کا ادراک کرنا ۔اسکا صدق دل سے شکر ادا کرنا زبان سے ان کا شکر کرنا اور ان کا ذکر بھی کرنا۔اَللھُمْ اَجْعَلْنِی صَبُوراً وَ اَجْعَلْنِی شَکُورَا

# مشکلات اور آزمائشوں میں صبر کرنا

جب کوئی مشکل یا آزمائش آیے تو اس کا صبر سے مقابلہ کرنا۔اسکو اللہ کی طرف سے امتحان سمجھنا شکوے شکایت نا کرنا۔اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔یہ اس کا وعدہ ہے۔

# سورہ الفاتحہ سے عمل کے اصول

سورہ الفاتحہ سے میں نے

1. اخلاص عبادت کا اصول لیا۔

اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے۔کائنات میں اسکی نشانیاں نظر آتی ہیں۔ وہی معبود ہے وہ اپنے بندوں کے لیے رحیم بھی ہے اور رحمان بھی۔میری کوشش ہے کہ میں اپنی عبادت میں خشوع پیدا کروں جو بھی عبادت ہو نماز روزہ انفاق سب اللہ تعالیٰ کے لیے خالص ہو ۔

2. استغفار

اپنے گناہوں کی معافی اور نیک لوگوں کی صحبت اختیار کروں۔

## حدیث سے اصول۔
## اللَّهُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَهُ، وَأَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَارْزُقْنَا اجْتِنَابَهُ،

سچ کی تلاش اور جھوٹ سے اجتناب۔ ہمیشہ سچ بولوں بلکہ بولتی ہوں ۔جھوٹ سے اجتناب برتتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آزمائش میں نا ڈالے سچ پر قائم رہنے کی تو فیق دے۔بچوں کو بھی جھوٹ سے بچنے کی ترغیب دیتی ہوں۔